رہبر معظم کی موجودگي میں حسینیہ امام خمینی (رہ) میں حضرت فاطمہ زہرا (س) کی شب شہادت میں مجلس عزا – 2 /Apr/ 2014

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای اور اعلی سول و فوجی حکام کی موجودگی میں ییغمبر اسلام حضرت محمد مصطفی (ص) کینور نظر ،لخت جگر ،صدیقہ کبری حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی شب شہادت کی مناسبت سے مجلس عزا منعقد ہوئیـ

مجلس عزا میں خطباء و ذاکرین نے ام الآئمہ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے فضائل و مصائب بیان کئےـ واضح رہے کہ حسینیہ امام خمینی (رہ) حضرت فاطمہ (س)کی شہادت کے سلسلے میں مجالس عزا کا سلسلہ بروز جمعہ مطابق 15 فروردین 1393 ہجری شمسی پانچ دن تک جاری رہےگاـ